1744-نماز فجر کے بعد بطور صدقہ کسی کے ساتھ نماز ادا کرنا

سوال

ایک شخص نے نماز فجر جماعت کے ساتھ ادا کی اور بعد میں ایک اور شخص آیا جو نماز سے لیٹ تھا، اس نے پہلے شخص سے اس کے ساتھ نماز ادا کرنے کا مطالبہ کیا، کہ وہ نفل ادا کرکے اجرو ثواب کمائے، اور دوسرے شخص کو جماعت کا ثواب مل جائے، اس کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

اگر کوئی شخص نماز فجر یا نماز عصر
کے بعد مسجد میں آئے اور اس کی جماعت نکل چکی ہو تو اس کے ساتھ کھڑا ہونے میں کوئی
حرج نہیں، کہ وہ اس پر صدقہ کرتے ہوئے نماز ادا کرے.

قاعدہ یہ ہے کہ :

ہر نفلی نماز جس کا کوئی سبب ہو (تو
وہ نماز ممنوعہ وقت میں ادا کرنے میں کوئی حرج نہیں) مثلا تحیۃ المسجد، اور سجدہ
تلاوت، اور ایسے معاملہ میں نماز استخارہ کہ اگر اسے ممنوعہ اوقات میں ادا نہ کیا
جائے تو وہ کام جاتا رہے، اور عصر یا فجر کے بعد مسجد میں آنے والے شخص کے ساتھ
بطور صدقہ نماز ادا کرنا.